قصص الانبیاء، علامہ عبدالوہاب النجار المصری، مترجم: مولانا آصف نسیم ۔ ناشر: البیان، اُردو بازار، لاہور۔ ملنے کا پتا: المشرق، دکان نمبر ۸، فرسٹ فلور، زبیدہ سنٹر، ۴۰-اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۸۸۳۶۹۳۲-۰۳۲۱۔ صفحات (بڑی تقطیع): ۶۵۰۔ قیمت: ۵۲۵ روپے۔

قرآن کے اہم موضوعات میں سے ایک انبیا کے واقعات ہیں جن میں عبرت کا بہت سامان اور سیکھنے کے لیے بہت کچھ ہے۔ اُردو میں اس حوالے سے معروف نام اور کتاب مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی کی قصص القرآن ہے۔ ترجمہ کار کے بیان کے مطابق زیرتبصرہ کتاب عبدالوہاب النجار المصری کی جس کتاب کا ترجمہ ہے، مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی کی کتاب بھی اسی پر مبنی تھی۔ غالباً اس لیے اس کتاب کا انتساب ان ہی کے نام کیا گیا ہے۔

حضرت آدمؑ سے حضرت عیسٰیؑ تک ۲۰ انبیاے کرامؑ کے بارے میں قرآن وحدیث میں جو کچھ آیا ہے اسے مرتب کر کے پیش کر دیا گیا ہے۔ ہر نبیؑ کے حال کے آغاز میں ایک جدول کی شکل میں متعلقہ سورتوں اور آیات کے نمبر دیے گئے ہیں۔ اسرائیلی روایات سے مکمل اجتناب کیا گیا ہے لیکن ان کا خرافات اور من گھڑت ہونا بتانے کے لیے تذکرہ ہوگیا ہے (یعنی قاری اس سے محروم نہیں رہتا)۔ عصرحاضر کے سائنسی انکشافات سے قرآن کی تصدیق وتائید کا بھی ذکر ہے۔ آخر میں عبرت وموعظت کے پہلو بیان کیے گئے ہیں۔

کتاب تفصیل سے تبصرے کی متقاضی ہے۔ حضرت آدمؑ میں نظریۂ ارتقا کا بیان آ گیا ہے۔ کیا آدم پہلے انسان تھے؟ اس پر بھی بحث ہے۔ قومِ ثمود میں ناقہ پر پوری بحث ہی تبصرہ نگار کے لیے انکشاف کا درجہ رکھتی تھی۔ غرض اس طرح ہر مقام پر متعلقہ اُمور پر علمی گفتگو کی گئی ہے۔

اصل تعریف تو مصری عالم کی، لیکن ترجمے کے لیے جن افراد نے، خصوصاً مولانا آصف نسیم نے جو محنت کی ہے، اس کی جتنی بھی تحسین کی جائے کم ہے۔ چھے خصوصی صفحات رنگین تصاویر سے مزین ہیں، مثلاً ہابیل کا مزار، حضرت یحيٰؑ اور حضرت لوطؑ کے مزار، وہ جگہ جہاں حضرت موسٰیؑ کو آگ نظر آئی تھی، وادیِ مدین، کوہِ طور وغیرہ وغیرہ۔ قیمت کے بارے میں یہ لکھا دیکھ کر 'براے مہربانی قیمت پر بحث نہ کریں' بحث کرنے کو دل تو چاہتا ہے لیکن احتراماً نہیں کی جارہی۔ اتنی قیمتی کتاب کی جو بھی قیمت ہو، کم ہے۔ (مسلم سجاد)